© rasailojaraid.com



**رسالہ اقراء** خبرنامہ پاکستان پبلک سکول۔ ڈنگہ روڈ، کھاریاں (گجرات)۔ تعلیم و تدریس کے لحاظ سے قابلِ قدر ہے۔ تین خواتین مدیرات ہیں اور ان کے مشیر کیپٹن ریاض احمد انجم ہیں۔ ڈیزائنر سرورق اسلم کمال۔ قیمت نامعلوم۔

**ماہنامہ تذکیر** مدیر: طالب محسن۔ باہتمام دارالتذکیر۔ ۱۴۲ علامہ اقبال روڈ لاہور۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حلقۂ الرسالہ کا محور ہے۔ اس لیے اسلام کے متعلق نظریہ، فکر، نظام، سسٹم وغیرہ کے لیے ناپسندیدگی کا اظہار کیا گیا ہے۔ کاش کہ مدیر صاحب مطالعہ کو وسیع کر کے اس معترضانہ سطحیت سے باہر نکل آئیں۔ کچھ تعلق انصار المسلمون سے ہے، مگر تحریر، فکر اور رسالے کی ثقاہت کا معیار بہت ہی عامیانہ ہے۔

**ماہنامہ تحریک** مدیر: فیاض نقوی۔ دفتر: شاہین منزل، راولاکوٹ، آزاد کشمیر۔ فی پرچہ ۳/- روپے۔ اس پرانے شمارے کا خصوصی مضمون "سید علی گیلانی نے استعفیٰ کیوں دیا؟" علاوہ ازیں مقبوضہ کشمیر میں تحریک مجاہدین کے ابتدائی دور کے حالات اور بھارت کی ستم شعاریاں۔

**اسلامی طریقِ انقلاب** از محمد شریف قاضی۔ ناشر: شعبۂ دعوتِ اسلامی پاکستان دشریف آباد گجرات۔ کاغذ طباعت درست۔ قیمت دس روپے۔

اسلامی طریقِ انقلاب کے متعلق قرآن کی رہنمائی میں جادۂ اقدام اور مختلف فرائض اور ذمہ داریوں اور مراحل کو واضح کیا گیا ہے۔ عام لوگوں کے مطالعے کے لیے یہ مختصر کتاب مناسب ہے۔


اخوان المسلمون
۱۹۲۸ء ــــــ ۱۹۹۰ء
نظرثانی شدہ ایڈیشن
از: پروفیسر افتخار احمد
- وادیٔ نیل کے مظلوم شہداء کی عظیم داستان۔
- جسے تعلیمی بورڈ سرگودھا نے ۱۹۸۰ء کی بہترین کتاب قرار دے کر اول انعام کا مستحق ٹھہرایا۔
قیمت ۱۶۰/۰۰ روپے
المیزان پبلشرز، ۲۴۴، المعصوم ٹاؤن فیصل آباد
سٹاکسٹ: الائیڈ بک کمپنی، دی مال لاہور فون ۱-۳۰۶۲۵۶ - چنیوٹ بازار۔ فیصل آباد


© rasailojaraid.com